**09.11.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... کلیم احمد

**Music**

------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے دہرہ دون میں اتراکھنڈ کے یومِ تاسیس کی سِلور جوبلی تقریبات میں شرکت کی ہے۔ وزیرِ اعظم نے 8 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔

☆ بہار اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج لُواندا میں انگولا کے اپنے ہم منصب کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کرنے والی ہیں۔

☆ RSS کے سَرسَنگھ چالک موہن بھاگوت نے کہا ہے کہ تنظیم معاشرے میں نفاق ختم کرنے کیلئے رابطے کے پروگرام کا آغاز کرکے سماجی ہم آہنگی کیلئے کام کرے گی۔

☆ گجرات ATS نے ISIS سے وابستہ تین مشتبہ دہشت گردوں کو گاندھی نگر سے گرفتار کیا ہے۔

☆ اور بھارتی فضائیہ نے اپنے 93 ویں یومِ تاسیس کے موقع پر گواہاٹی میں برہمپتر دریا کے اوپر شاندار فلائی پاسٹ کا اہتمام کیا۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Uttrakhand Foundation Day**

اتراکھنڈ آج اپنے قیام کی سلور جوبلی منا رہا ہے۔ اتراکھنڈ سال 2000 میں آج کے ہی دن بھارت کی 27 ویں ریاست کے طور پر وجود میں آیا تھا۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اتراکھنڈ کے یومِ تاسیس کے موقع پر ریاست کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے دہرہ دون میں اتراکھنڈ کے یومِ تاسیس کی سِلور جوبلی تقریبات میں شرکت کی۔ جناب مودی نے 8 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔

**SB - PM**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ، وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ، وزیرِ صحت جگت پرکاش نڈا اور دیگر وزیروں نے بھی ریاست

کی سِلور جوبلی کے موقع پر وہاں کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔x

**Bihar Campaigning**

بہار میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔ اِس مرحلے میں منگل کے روز 20 ضلعوں میں پھیلے ہوئے 122 اسمبلی حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ اِس مرحلے میں تین کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان ایک ہزار 302 امیدواروں کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ کریں گے۔ ان میں 136 خاتون امیدوار بھی شامل ہیں۔

آج چناؤ مہم کے آخری دن NDA ، مہاگٹھ بندھن اور دیگر پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر کئی کئی عوامی جلسے اور انتخابی ریلیاں کررہے ہیں۔

اِن میں BJP کے سرکردہ لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ، راج ناتھ سنگھ، شیو راج سنگھ چوہان اور کئی دیگر رہنما انتخابی جلسوں سے خطاب کرنے والے ہیں۔

اِدھر کانگریس کے سرکردہ لیڈر راہل گاندھی مہاگٹھ بندھن امیدواروں کیلئے کشن گنج اور پورنیا میں عوامی جلسے کررہے ہیں۔x

**Prez - Africa Visit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، آج Luanda میں صدارتی محل میں انگولا کے اپنے ہم منصب Joao Manuel Goncalves Lourenco کے ساتھ باہمی مذاکرات کریں گی۔

توقع ہے کہ دونوں ممالک اس کے بعد آپسی مفادات کے امور پر کئی مفاہمت ناموں پر دستخط کریں گے اور اُن کا تبادلہ کریں گے۔

صدر جمہوریہ مرمو، افریقہ کے دو ملکوں، انگولا اور Botswana کے اپنے سرکاری دورے کے پہلے مرحلے میں کل دیر شام Luanda پہنچی تھیں۔x

**PM - Scindia Article**

وزیر اعظم نریندر مودی نے شمال مشرقی خطے کی ترقی کے محکمے کے وزیر جیوترادتیہ سندھیا کا تحریر کردہ ایک مضمون شیئر کیا ہے، جس میں شمال مشرق کو اَشٹ لکشمی کے طور پر اجاگر کیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ مذکورہ مضمون میں یہ بتایا گیا ہے کہ یہ خطہ کس طرح جنوب-مشرقی ایشیا کیلئے بھارت کا ایک فطری Gateway بن رہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ شمال مشرق صرف بھارت کا Frontier نہیں، بلکہ یہ اُس کا سامنے کا چہرا بن گیا ہے۔x

**VP - Karnataka**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے بھارت کی وراثت اور روحانی سفر کے تئیں جین فلسفے کی دین کو خراج تحسین پیش کیا۔ وہ آج کرناٹک کے ہاسن ضلع میں شَروَن بیلا گولا کے مقام پر جین مذہبی پیشوا آچاریہ شانتی ساگر مہاراج کی ایک

یادگاری تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے جین مذہب کے عقائد، خاص طور پر عدم تشدد، ضبط وتحمل اور پرہیزگاری کی اہمیت کو اجاگر کیا، جن سے ہمارے معاشرے کی روحانی اقدار کو فروغ حاصل ہوا ہے۔×

**Mohan Bhagwat Social Harmony**

RSS کے سَرسَنگھ چالک موہن بھاگوت نے کہا ہے کہ تنظیم، معاشرے میں نفاق کو ختم کرنے کی خاطر بات چیت کا آغاز کرے گی۔ بنگلورو میں سَنگھ کے 100 سالہ سفر - نئے امکانات پر ایک لیکچر سیریز سے خطاب کرتے ہوئے، انھوں نے کہا کہ RSS سماج میں نفاق کو دُور کرنے کے مقصد سے سماجی ہم آہنگی کیلئے کام کرے گا۔ جناب بھاگوت نے اِس بات کو نمایاں کیا کہ 1857 میں پہلی جنگِ آزادی کے دوران، ہندوؤں اور مسلمانوں نے، برطانوی حکمرانی سے آزادی حاصل کرنے کیلئے مل کر لڑائی لڑی تھی۔ جناب بھاگوت نے کہا کہ انگریزوں نے اس اتحاد کو اپنی حکومت کیلئے ایک خطرہ قرار دیتے ہوئے بھارتی سماج میں نفاق کو ہوا دینے کا کام شروع کردیا۔ انھوں نے کہا کہ RSS اس قسم کی تقسیم ختم کرنے کے مقصد سے رابطے کی کوششوں کا آغاز کرے گی۔

RSS کی دیگر پہل قدمیوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ تنظیم، اپنی سدبھاؤنا کاریہ پہل کے حصے کے طور پر بلاک سطح پر برادری کے مسائل کو حل کرنے اور ہم آہنگی کو فروغ دینے کی خاطر ذات سے متعلق لیڈران اور مذہبی رہنماؤں کی مدد لے گی۔ جناب بھاگوت نے اِس مقصد میں تعاون کیلئے مہذب معاشرے پر زور دیا۔×

**Daman Polls BJP**

بھارتیہ جنتا پارٹی نے دمن، Diu اور دادرا نگر حویلی میں سبھی اہم بلدیاتی اور پنچایت اداروں میں زبردست اکثریت حاصل کرکے مقامی اداروں کے انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔

BJP نے دمن ضلع پنچایت میں 16 میں سے 15 سیٹیں جیتی ہیں، جبکہ میونسپل کونسل میں 15 میں سے 14 اور سرپنچ کے عہدوں کی 16 میں سے 15 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔ اِس طرح BJP نے خطے میں قریب قریب مکمل غلبہ قائم کرلیا ہے۔

Diu میں BJP نے ضلع پنچایت کی سبھی 8 سیٹیں جیت کر کامیابی حاصل کی ہے۔ اِسی طرح دادرا اور نگر حویلی میں پارٹی نے ضلع پنچایت کی 26 میں سے 24 سیٹیں اور میونسپل کونسل کی سبھی 15 سیٹیں جیت کر اپنی گرفت کو اور مضبوط کرلیا ہے۔ x

**Gujarat ATS**

گجرات کے دہشت گردی مخالف دستے ATS نے گاندھی نگر میں Adalaj سے تین مشتبہ دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے۔ ابتدائی چھان بین سے معلوم ہوا ہے کہ یہ تین دہشت گرد ISIS کے ساتھ منسلک تھے۔ اِن دہشت گردوں کے قبضے سے ہتھیار بھی برآمد کئے گئے ہیں۔

یہ تین دہشت گرد ملک کے مختلف حصوں میں حملے کرنے کی سازش تیار کررہے تھے۔ ATS اِن تینوں سے پوچھ تاچھ

کررہی ہے اور مزید تحقیقات جاری ہے۔ x

## IAF Anniversary

بھارتی فضائیہ کی مشرقی ایئرکمان نے آج 93 ویں یومِ تاسیس کی تقریبات کے تحت گواہاٹی میں اولین بھرپور ایئرشو کا اہتمام کیا۔ بھارتی فضائیہ نے گواہاٹی میں برہمپتر دریا کے اوپر Lachit Ghat پر 25 سے زیادہ مختلف Formations میں 75 سے زیادہ ہوائی جہازوں اور ہیلی کاپٹروں کی پرواز کا مظاہرہ کیا۔

اِس سال کی فضائی فوج کی یومِ تاسیس کی تقریبات میں کارروائی کرنے کی صلاحیت، درستگی اور مضبوطی پر خاص توجہ دیتے ہوئے جشن کا اہتمام کیا گیا۔ اِس موقع پر آسام کے گورنر لکشمن پرساد آچاریہ، وزیرِ اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما اور ایئر چیف مارشل اَمر پریت سنگھ بھی موجود تھے۔ x

## US India Semiconductor

امریکہ میں بھارت کے سفیر وِنئے موہن کواترا نے Intel کے چیف ایگزیکیٹیو افسر Lip Bu Tan سے ملاقات کی اور بھارت سرکار کے سیمی کنڈکٹر مشن اور انڈیا AI مشن کی مطابقت سے بھارت میں سیمی کنڈکٹر اور AI کی سرگرمیوں کو وسعت دینے کے سلسلے میں Intel کے منصوبوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ یہ ورچوئل گفتگو ایسے وقت ہوئی ہے کہ جب بھارت نے انڈیا سیمی کنڈکٹر مشن اور انڈیا AI پہل کے تحت اپنی سیمی کنڈکٹر اور AI صنعتوں کو مستحکم بنانے کیلئے کوششیں تیز کردی ہیں۔ x

## Jaishankar - Cambodia

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کمبوڈیا کے 72 ویں یوم آزادی پر وہاں کی سرکار اور عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ بھارت مشترکہ تہذیب کے رابطوں پر مبنی کمبوڈیا کے ساتھ وسیع تر اشتراک کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کمبوڈیا کے نائب وزیر اعظم اور اپنے ہم منصب Prak Sokhonn کو بھی مبارکباد پیش کی۔x

## NGT - CPCB

نیشنل گرین ٹرائیبونل NGT نے آلودگی کی روک تھام کے مرکزی بوڈ CPCB اور دلی اترپردیش، ہریانہ اور بہار کے ریاست کے آلودگی سے متعلق سبھی ریگولیٹرس کو ہدایت دی ہے کہ وہ آلودگی پھیلانے والی اُن کی ایک ہزار 700 سے زیادہ صنعتوں کے خلاف فوری کارروائی کریں، جو مبینہ طور پر گنگا اور جمنا سمیت اہم آبی ذخائر میں صاف کیے بغیر آلودہ پانی اور فضلہ کو خارج کر رہی ہیں۔ چیئر پرسن جسٹس پرکاش شری واستو اور ماہر ممبر ڈاکٹر افروز احمد کی بینچ نے ایک درخواست کی سماعت کرتے ہوئے کہا کہ آلودگی پھیلانے والی سینکڑوں صنعتیں، صنعتی فضلہ کے اخراج کی Monitering کے نظام کو لگانے کیلئے CPCB کی ہدایات پر عمل آوری میں ناکام رہیں ہیں۔x

**Goa Fide Chess**

شطرنج میں، **2024** میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے بعد، عالمی چیمپئن **D Gukesh** کو گوا میں جاری **FIDE** ورلڈ کپ میں جرمن گرینڈ ماسٹر **Frederik Svane** سے ہار کا سامنا کرنا پڑا، جس کی وجہ سے وہ اِس چیمپئن شپ کے تیسرے راؤنڈ سے باہر ہوگئے ہیں۔ وہیں **Praggna nandhaa R**، **Hovhannisyan Robert** سے میچ جیت کر چوتھے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں، جبکہ **Arjun Erigaisi**، ازبیکستان کے شمس الدین **Vokhidov** کو ہراکر چوتھے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆